SUMMARY

## دورانِ سفر اپنے حقوق سے آگاہ ہوں

- آپ کی مذہبی، نسلی یا گروہی معلومات کی بنیاد پر CBP اور TSA اضافی تفتیش یا سوالات کے لئے آپ کو نشانہ نہیں بنا سکتے۔
- CBP جسمانی طور پر آپ کے برقی آلات پر قبضہ کر سکتا ہے لیکن وہ آپ کو انہیں انلاک کرنے پر مجبور نہیں کر سکتے۔ طے شدہ حدود ہیں کہ CBP کس قدر ڈیٹا کا معائنہ کر سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے CAIR سے رابطہ کریں۔
- سوالات کے جواب دینے سے انکار پر امریکی شہریوں کو داخلے سے روکا نہیں جا سکتا۔ تاہم اپنے حقوق حاصل کرنے کے مطالبے پر تاخیر ہو سکتی ہے۔
- گرین کارڈ حاملین کو داخلے سے روکا نہیں جا سکتا بشرطیکہ ان کا سفر مختصر ہو اور 14 (a) 1101 USC کے تحت وہ معصوم ہوں۔ تاہم اپنے حقوق حاصل کرنے کے مطالبے پر تاخیر ہو سکتی ہے۔
- غیر شہری ویزا حاملین کو تعاون نہ کرنے پر ملک میں داخلے سے روکا جا سکتا ہے۔ ملک چھوڑنے سے قبل کسی وکیل سے بات کر لیں۔
- سفر کے دوران امتیازی سلوک یا ہراسگی کی اطلاع دینے کے لئے CAIR سے رابطہ کریں۔

# KNOW YOUR RIGHTS

## *While Traveling*

یہ معلومات قانونی ایجنسی نہیں ہے

CAIR

*Council on American-Islamic Relations*

WWW.CAIR.COM

Council on American-Islamic Relations

## فضائی مسافر کے طور پر آپ کا حق ہے کہ ایئر لائن اور سیکیورٹی عملہ آپ سے شائستگی اور احترام سے پیش آئیں۔ آپ کو حق حاصل ہے کہ اگر آپ کسی سلوک کو امتیازی سمجھیں تو اس کی شکایت کریں۔ اگر آپ سمجھیں کہ آپ سے امتیازی سلوک کیا گیا ہے تو فوراً

+ اس واقعے میں شامل تمام افراد کے نام اور شناختی نمبر پوچھیں۔ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ یہ معلومات لکھ لیں۔
+ سپروائزر سے بات کرنے کی درخواست کریں۔
+ پوچھیں کہ آیا آپ کے ساتھ آپ کے نام، حلیے، لباس، نسل، نسلی گروہ، عقیدے یا اصلی قومیت کی وجہ سے کوئی امتیازی سلوک کیا گیا ہے؟

گواہوں سے اپنے نام اور رابطے کی معلومات دینے کی درخواست کریں۔

+ واقعے کے فوراً بعد حقائق کا ایک بیان تحریر کر لیں۔ پرواز نمبر، پرواز کی تاریخ اور ایئر لائن کا نام شامل کرنا یقینی بنائیں۔
+ شکایت کے اندراج کے لئے CAIR سے رابطہ کریں۔
+ اگر مشاہدے کی بنیاد پر ایئر لائن کا/کی پائلٹ یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں کہ کوئی مسافر محفوظ پرواز کے لئے خطرہ ہے تو وہ اس مسافر کو فضائی سفر پر لے جانے سے انکار کر سکتے/سکتی ہیں۔ تاہم کوئی پائلٹ متعصبانہ خیالات بشمول ایسے خیالات جو آپ کے مذہب، اصلی قومیت، جنس، نسلی گروہ، یا سیاسی خیالات پر مبنی ہوں کو بنیاد بنا کر آپ سے سوال نہیں کر سکتا/سکتی، نہ ہی آپ کو پرواز پر جانے سے روک سکتا/سکتی ہے۔

## CBP یہ کام نہیں کر سکتا :

+ آپ کی مذہبی، نسلی یا گروہی معلومات کی بنیاد پر اضافی تفتیش یا سوالات کے لئے آپ کو نشانہ بنائیں۔
+ قابل اعتماد معلومات کے بغیر آپ سے ایسے عمومی سوال کریں جن سے وہ یہ سمجھ سکیں کہ آپ کوئی قانون توڑ رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کی ذاتی زندگی کے بارے میں، آپ کے وقت گزاری، کام، یا عبادت کرنے کے مقامات کون سے ہیں، نہیں پوچھ سکتے۔

## TSA تفتیش کار یہ کام نہیں کر سکتے :

+ آپ کی مذہبی، نسلی یا نسلی گروہی معلومات کی بنیاد پر اضافی تفتیش یا سوالات کے لئے آپ کو نشانہ بنانا۔
+ قابل اعتماد معلومات کے بغیر آپ سے ایسے عمومی سوال کرنا جن سے وہ یہ سمجھ سکیں کہ آپ کوئی قانون توڑ رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کی ذاتی زندگی کے بارے میں، آپ کے وقت گزاری، کام، یا عبادت کرنے کے مقامات کون سے ہیں، نہیں پوچھ سکتے۔
+ آپ کو ہتھکڑی لگائیں یا بے لباس کر کے تلاشی لیں۔

## جب آپ سرحد پر اپنے حقوق کا مطالبہ کریں تو جو کچھ ہوتا ہے اس پر آپ کی امیگریشن حیثیت کس طرح اثر انداز ہوتی ہے؟

+ سوالات کے جواب دینے سے انکار پر امریکی شہریوں کو داخلے سے روکا نہیں جا سکتا۔ تاہم اپنے حقوق حاصل کرنے کے مطالبے پر تاخیر ہو سکتی ہے۔
+ گرین کارڈ حاملین کو داخلے سے روکا نہیں جا سکتا بشرطیکہ ان کا سفر مختصر نہ ہو اور 14 USC 1101 (a) کے تحت وہ معصوم نہ ہوں۔ تاہم اپنے حقوق حاصل کرنے کے مطالبے پر تاخیر ہو سکتی ہے۔
+ غیر شہری ویزا حاملین کو تعاون نہ کرنے پر ملک میں داخلے سے روکا جا سکتا ہے۔ ملک چھوڑنے سے قبل کسی وکیل سے بات کر لیں۔

## CBP یہ کام کر سکتا ہے :

+ آپ سے ذیل کے بارے میں پوچھیں :
+ آپ کی شہریت
+ آپ کے سفر کی نوعیت یا مقصد
+ کوئی ایسی چیز جو آپ امریکہ واپسی پر ساتھ لا رہے ہوں مگر جاتے وقت وہ آپ کے ہمراہ نہ تھی
+ آپ کے سامان اور اس میں شامل سب چیزوں کی اچھی طرح جانچ پڑتال کریں۔
+ جسمانی طور پر آپ کے برقی آلات پر قبضہ کر لیں لیکن وہ آپ کو انہیں انلاک کرنے پر مجبور نہیں کر سکتے۔
+ طے شدہ حدود ہیں کہ CBP کس قدر ڈیٹا کا معائنہ کر سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے CAIR سے رابطہ کریں۔

# KNOW YOUR RIGHTS